162 سیکٹر8/L اورنگی ٹاؤن کراچی

۱۱/۰۶/۰۵

(۵)

باسمہ تعالیٰ

مکرمی ومحترمی!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

الشریعہ (جون ۲۰۰۵) میں 'الفرقان الحق..... ' نظر سے گزرا۔ عمدہ گرفت ہے۔ مصنف کے عربی کے معیار کا تو اندازہ مضمون سے ہو گیا، مگر قرآن نے انسانی زندگی کے مسائل کے حل کے لیے جو پائیدار اصول دیے ہیں، جو حقیقتاً قرآن کا چیلنج ہے، 'الفرقان الحق' اس حوالے سے کیسے پایا گیا؟ اس پہلو کی تشنگی محسوس ہوئی۔ اگر یہ پہلو بھی سامنے آ جائے تو بہت اچھا ہو۔

شکریہ! والسلام

امجد عباسی

عباسی منزل، نور پارک

حیدر روڈ، اسلام پورہ، لاہور

۲۰/۰۷/۰۵

(۶)

محترم ومکرم جناب علامہ زاہد الراشدی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گزشتہ کچھ عرصہ سے ماہنامہ 'الشریعہ' پڑھنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ الحمد للہ کافی معلوماتی مواد پڑھنے کو مل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلے کو مزید مستحکم فرمائے۔

جولائی ۲۰۰۵ کے شمارے میں حافظ عبد الرشید صاحب نے شیعہ حضرات کی مستند کتب سے ان کے مخالف اسلام عقائد نقل کر کے ان کے دعواے ایمان کی حقیقت کو واضح کیا ہے۔ میں اس مکتوب کے ذریعے سے دور حاضر میں شیعہ کے امام اور ایرانی انقلاب کے بانی جناب خمینی کی چند مزید عبارتیں قارئین کے سامنے لانا چاہتا ہوں تاکہ شیعہ حضرات کے عقائد وخیالات کی حقیقت اور نکھر کر سامنے آ جائے۔

جون ۲۰۰۵ میں جناب خمینی کی برسی کے موقع پر پاکستان کے اکثر اخبارات میں ایسے مضامین شائع ہوئے جن میں خمینی صاحب کو اسلام کا ہیرو، اسلامی انقلاب کا علم بردار اور بہت سے ایسے القابات سے نوازا گیا جن کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ خمینی صاحب کی کتابوں کا مطالعہ کرنے والا ہر شخص اس بات سے آگاہ ہے کہ انھوں نے خلفاے راشدین پر کفر کے فتوے لگائے ہیں اور اسلامی بنیادوں پر کلہاڑا چلا کر انھیں منہدم کرنے کی کوشش کی ہے۔ خمینی صاحب کی اہم ترین کتاب 'الحکومۃ الاسلامیۃ' ہے جو ایرانی انقلاب کی فکری بنیاد کی وضاحت کرتی ہے۔ اس کے صفحہ ۴۹ پر خمینی صاحب